OFFICE OF ADMINISTRATIVE TRIALS AND HEARINGS
Help Center

OATH چھوٹے کاروباروں کے لئے معلومات

میرے لئے OATH آنا کیوں ضروری ہے؟ آپ کے کاروبار، آپ کے کسی ملازم یا خود آپ کو کسی NYC ایجنسی سے "طلبی" جاری کی گئی ہے۔ "طلبی"، جسے "ٹکٹ" بھی کہا جاتا ہے، ایک دستاویز ہوتی ہے جس کے ذریعے کسی شخص یا کاروبار کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ ان پر نیو یارک شہر کی کسی ایجنسی سے نیو یارک شہر کا قانون، اصول یا ضابطہ توڑنے کا الزام عائد کیا ہے اور انہیں بتایا جاتا ہے کہ ضروری ہے کہ اس الزام کا جواب دینے کے لئے وہ یا ان کا کوئی نمائندہ ایک مخصوص تاریخ کو OATH آئے۔

کیا ضروری ہے کہ میں روبرو سماعت میں شرکت کروں؟ جواب دہندگان کے وقت اور سفر کی بچت کے لئے OATH ریموٹ (آن لائن) سماعتیں پیش کرتا ہے۔ آپ بذریعہ فون، بذریعہ ای میل یا آن لائن سماعت میں شرکت کر سکتے ہیں۔ اگر آپ فاصلے سے سماعت میں شرکت نہیں کر سکتے تو آپ Livehearings@oath.nyc.gov پر ای میل کر کے روبرو سماعت کی درخواست کر سکتے ہیں۔ ریموٹ سماعت کا وقت طے کرنے کے بارے میں مزید معلومات کے لئے براہ مہربانی ملاحظہ کریں: https://nyc.gov/oath/summonshelp

کیا کوئی مجھے میری سماعت کے متعلق مدد فراہم کر سکتا ہے؟ اگر آپ کے پاس کوئی وکیل یا قیمت وصول کرنے والا OATH کا رجسٹرڈ نمائندہ نہیں ہے تو OATH آپ کو OATH ہیلپ سنٹر کے پروسیجرل جسٹس کوآرڈینیٹر سے مفت بات کرنے کا موقع فراہم کرے گا جو آپ کو آپ کے کیس کی تیاری میں مدد کے لیے قانونی معلومات اور وسائل فراہم کر سکتے ہیں۔ یہ پیشہ ور افراد آپ کو سماعت کی کارروائی، آپ کے لیے دستیاب اختیارات کے بارے میں معلومات فراہم کر سکتے ہیں، اور آپ کے سوالات کا جواب دے سکتے ہیں۔ یہ افراد آپ کو قانونی مشورہ فراہم ***نہیں*** کر سکتے۔ ہیلپ سنٹر کے پروسیجرل جسٹس کوآرڈینیٹر کے ساتھ اپائنٹمنٹ لینے کے لئے براہ مہربانی پیر تا جمعہ، صبح 8 تا شام 5 بجے، بذات خود OATH ہیلپ سنٹر کے نمائندے سے بات کریں یا کسی بھی OATH مقام پر OATH ہیلپ سنٹر سے رابطہ کریں، 436-0845 (212) پر بذریعہ ٹیلیفون، یا Smallbizhelp@oath.nyc.gov پر بذریعہ ای میل رابطہ کریں۔

اگر انگریزی میری ترجیحی زبان نہیں ہے تو؟ تمام OATH سماعتوں اور OATH ہیلپ سنٹر میں آپ کی ضرورت کے مطابق کسی بھی زبان میں مفت ترجمے کی سہولیات دستیاب ہوتی ہیں۔

میرے لئے کیا اختیارات دستیاب ہیں؟ آپ طلبی میں درج الزام قبول کر کے دیا گیا جرمانہ ادا کر سکتے ہیں یا سماعت میں آ کر الزام اور طلبی میں موجود مبینہ حقائق کو چیلنج کر سکتے ہیں اور/یا صورتحال سے متعلقہ ثبوت اور دلائل پیش کر سکتے ہیں۔ آپ کے پاس تصفیہ قبول کرنے کا اختیار بھی موجود **ہو سکتا** ہے، **بشرطیکہ** آپ کے لئے طلبی جاری کرنے والی NYC ایجنسی آپ کو تصفیے کی پیشکش کرے۔ بالآخر کچھ خلاف ورزیوں کی صورت میں اگر آپ اپنی سماعت کے لئے طے شدہ **پہلی** تاریخ سے پہلے طلبی میں درج مسئلہ حل کر لیں تو سزا میں کمی کی جا سکتی ہے۔ براہ مہربانی OATH ہیلپ سنٹر سے رابطہ کر کے اپنے لئے دستیاب اختیارات جانیں۔

نوٹ: کچھ خلاف ورزیوں کی سزا میں مالی جرمانے کے علاوہ آپ پر اضافی ذمہ داریاں بھی عائد کی جا سکتی ہیں۔

اگر میں کاروبار کا/کی مالک ہوں تو کیا مجھے خود سماعت میں آنے کی ضرورت ہے؟ اگر طلبی میں آپ کا کاروبار درج ہے تو آپ کے پاس سماعت میں آ کر اپنے کاروبار کی نمائندگی کرنے کا اختیار موجود ہے، تاہم آپ اپنے کاروبار کی طرف سے کسی نمائندے کے پیش ہونے کا انتظام بھی کر سکتے ہیں۔ یہ نمائندہ کوئی قیمت وصول کرنے والا اٹارنی یا پیشہ ور ہو سکتا ہے، یہ کوئی ملازم یا ایسا شخص ہو سکتا ہے جسے آپ اپنے کاروبار کی طرف سے پیش ہونے کی اجازت دیں۔ براہ مہربانی اپنے نمائندے کو OATH پر پیش کرنے سے پہلے درج ذیل فارم بھر کر اور دستخط کر کے فراہم کریں: https://www1.nyc.gov/assets/oath/downloads/pdf/Representative-Authorization-Form8716.pdf – یہ فارم OATH کی ویب سائٹ کے ذریعے بھی کئی زبانوں میں دستیاب ہے۔

اگر میرے پاس دیگر سوالات ہوں جو براہ راست میری سماعت کے متعلق نہیں ہیں تو؟ براہ مہربانی OATH ہیلپ سنٹر سے رابطہ کریں اور ہیلپ سنٹر کے پروسیجرل جسٹس کوآرڈینیٹر آپ کی مدد کریں گے۔ OATH NYC کے محکمہ برائے چھوٹے کاروباروں کی خدمات کے ساتھ مضبوط کاروباری تعلقات برقرار رکھے ہوئے ہے اور ہمارے پروسیجرل جسٹس کوآرڈینیٹرز آپ کو SBS کے خصوصی ایجنٹس یا شہر کے وسائل کا حوالہ دے سکتے ہیں جو آپ کو آپ کے کاروبار کی مخصوص ضروریات میں مدد کر سکتے ہیں۔

مزید معاونت کے لئے براہ مہربانی بذات خود کسی بھی OATH مقام پر OATH ہیلپ سنٹر سے پیر تا جمعہ،
صبح 8 تا شام 5 بجے، 436-0845 (212) پر بذریعہ ٹیلیفون، یا Smallbizhelp@oath.nyc.gov پر بذریعہ ای میل رابطہ کریں۔